© rasailojaraid.com

## اسلام میں سنت کا مقام

یہ مقالہ بھی مولانا عبدالغفار حسن کا تحریر کردہ ہے اور اس میں سنت نبوی ﷺ کی اہمیت کی وضاحت کے ساتھ تدوین حدیث کے مختلف مراحل اور محدثین کی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ صفحات ۶۴۔ قیمت ۵ روپے اور ملنے کا پتہ مذکورہ بالا ہے۔

## قرآن فہمی کے بنیادی اصول

قرآن کریم کے فہم اور اس کی تفسیر و تشریح کے ضروری آداب پر مشتمل مولانا عبدالغفار حسن کا یہ قیمتی مضمون رباط العلوم الاسلامیہ نے شائع کیا ہے۔ صفحات ۳۲۔ قیمت تین روپے۔

## اسلام کا عادلانہ نظام

مولانا حافظ خلیل الرحمٰن راشدی نے اس رسالہ میں اسلام کے نفاذ عدل کی امتیازی خصوصیات کا ذکر کیا ہے اور اجتماعی زندگی کے مختلف شعبوں کے بارے میں حضرات خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے فیصلوں اور ارشادات کے حوالہ سے اسلامی نظام کی اہمیت بیان کی ہے۔ مجموعی طور پر یہ ایک مفید اور معلوماتی رسالہ ہے۔ صفحات ۶۰، قیمت درج نہیں اور ملنے کا پتہ یہ ہے: المکتبہ الخلیل چنوں موم تحصیل و ضلع سیالکوٹ پاکستان

## ماہنامہ تذکیر لاہور

تحریک الانصار المسلمون کے ترجمان ماہنامہ تذکیر لاہور کا اپریل ۹۳ء کا شمارہ ہمارے سامنے ہے جس میں حقیقت تقویٰ، اسلامی سزائیں، بوسنیا کا مسئلہ، شکرگزاری اور ان جیسے دیگر اہم عنوانات پر مختصر مگر دل نشین ہو جانے والے مضامین شامل ہیں۔ اس کے مدیر جناب منظور الحسن ہیں۔ سالانہ چندہ پچاس روپے ہے اور ملنے کا پتہ یہ ہے: ۹۸ (۲) ای ماڈل ٹاؤن لاہور۔



© rasailojaraid.com